# يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيم

اے انسان! آخر کس چیز نے دھوکا دیا ہے تجھ کو! تیرے رب کے بارے میں جو بہت کرم کرنے والا ہے۔

# اَلانفِطار

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم

---

1. جب آسمان چر (پھٹ) جائے،
2. اور جب تارے جھڑ پڑیں (بکھر جائیں)،
3. اور جب دریا بہہ پڑیں،
4. اور جب قبریں اٹھائی جائیں۔
5. جان لیوے (لیگا) جی (ہر شخص) جو آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا۔

6. اے آدمی! کاہے سے بہکا تو اپنے رب کریم پر؟
7. جس نے تجھ کو بنایا، پھر تجھ کو ٹھیک کیا، پھر تجھ کو برابر کیا۔
8. جس صورت میں چاہا تجھ کو جوڑ دیا۔
9. کوئی (ہرگز) نہیں! پر تم جھوٹ جانتے ہو انصاف ہونا۔

10. اور تم پر نگہبان مقرر ہیں۔
11. سردار لکھنے والے،
12. جانتے ہیں جو کرتے ہو۔

---

13. بیشک نیک لوگ آرام میں ہیں،

14. اور بیشک گنہگار دوزخ میں ہیں،

15. پہنچیں گے اس میں انصاف کے دن،

16. اور نہ ہوں گے اس سے چھپ رہنے والے۔

17. اور تجھ کو کیا خبر ہے کیسا ہے دن انصاف کا؟

18. پھر بھی تجھ کو کیا خبر ہے؟ کیسا ہے دن انصاف کا؟

19. جس دن بھلا نہ سکے کوئی جی (نفس) کسی (دوسرے) جی (نفس) کا کچھ۔
اور حکم اس دن اللہ کا ہے۔

***********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com